یہ آج کل کی رسم کے مختصر نقشے ہیں جن میں ساری برادری والے گرفتار ہوتے ہیں۔ کیا کوئی مسلمان ان وعیدوں کے سننے کے بعد اس کے جاری رکھنے کی جرأت کرے گا دیکھا تو دیکھا یہ ایسی وعیدیں ہیں کہ ان کے خوف سے سبب نہیں رہ جاتا پھر ابھی عمل کرنا کہاں چاہئے۔ یہ تو ایسی رسم کا حال ہے جس کو سب سے اچھی رسم کہا جاتا ہے۔ اور جن رسموں کو آپ خود بھی برا کہتے ان کا حال کیا ہوگا یہ تو خوشی کی رسمیں ہیں۔ اس کے ترتیب قریب غمی کی رسمیں ہیں۔

موت کی رسمیں

جب کوئی مر جاتا ہے تو اس کی تجہیز و تکفین اور دوسرا سب سے اول ان کے حق ہوتا ہے۔ جن کا شریعت

کا حکم یہ ہے کہ وہ مال دونوں کا حق ہو چکا ہے اول اُس سے قرض ادا ہونا چاہئے جو کوئی چیز رہن رکھا گیا ہے تجہیز و تکفین بھی اس کے بعد [illegible] چیز بچا اگر کچھ ہو [illegible] تجہیز و تکفین کی جائے اور بعد تجہیز و تکفین کے [illegible] اور [illegible] قرض ہے [illegible] [illegible] [illegible] ہے اس کی [illegible] [illegible] [illegible] اگر میت کی [illegible] [illegible] تب بھی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] وصیت [illegible] نہیں

اب دیکھئے کہ آپ نے [illegible] میت کا مال [illegible] نہ قرض کی خبر نہ وصیت کی نہ میراث کی [illegible] اور دوسروں میں [illegible] قرض [illegible] اور دوسروں کے کھانے والے [illegible] ہیں اور اگر میت قرض دار نہیں بھی ہے تو وارثوں کا [illegible] کے ساتھ متعلق ہو چکا ان کا حق مارنے والے [illegible] [illegible] کہ کوئی [illegible] کہ وارثوں کا [illegible] [illegible] [illegible] اور [illegible] [illegible] تقسیم کر کے [illegible] [illegible] [illegible] اگر سب [illegible] کریں گے [illegible] [illegible]

تھے اور بہت کچھ ترکہ چھوڑا تھا۔ مگر انھوں نے برادری کی خوشی اور نمود
کے لئے سب تیجے اور دسویں اور بیسویں میں لگا دیا جو کچھ بچا وہ چہلم
میں۔ اور اس سے بھی بچا تو برسی میں لگا دیا۔ تھوڑی دیر کے لئے خوب واہ واہ
ہوئی اپنے آپ محتاج ہو گئے۔ مگر جو لوگ تماشا دیکھنا یہ کون سی عقل کی بات ہے
کہ ایک ایک لقمہ برادری کو کھلا کر خود فقیر ہو گئے۔ دین سے قطع نظر سے
بھی کام لیا ہوتا تو اس کا عکس ہونا چاہئے یعنی برادری سب مل کر چندہ
دیں تاکہ ایک شخص کے پاس کافی رقم جمع ہو جائے اور برادری کو بوجھ
بھی نہ ہو مگر جبکہ نہ کو دین یا عقل سے کام کرنا ہی نہ ہو تو ہوائے
نفسانی اور خواہش نفسانی ہے اس کے سامنے تو سب کچھ سہل ہو جاتا ہے یہ تو
رجسٹر ہیں اور ان کا نتیجہ کیا ہوا کہ نفس و شیطان آپ کا دشمن ہے کبھی آپ
کے فائدہ کی بات نہ بتلائے گا۔ ہمیشہ وہ باتیں بتلائے گا جو دین کے خلاف اور
عقل سے بھی خارج ہوں۔ اس کی مثال میں ایک اور رسم پیش کرتا ہوں وہ یہ
کہ جب عورتیں کسی کے یہاں جاتی ہیں تو بڑے عمدہ کپڑے اور زیور پہن کر
جاتی ہیں اور جب وہاں سے اپنے گھر کو واپس آتی ہیں تو سب زیور اور کپڑے
فوراً جلدی اتار کر رکھ دیتی ہیں جیسے کسی کا مانگا ہوا تھا اور اس نے
منگوا لیا۔ اس رسم میں دینی مفاسد مثل ریا و تفاخر و شہرت وغیرہ سے
قطع نظر کر کے میں کہتا ہوں کہ عقل کے بھی خلاف ہے کیونکہ
یہ کپڑا اور زیور پہنا ہوا اس کے سامنے تو غیروں کی طرح رہیں اور دوسروں
کے سامنے بن ٹھن کر بیٹھیں۔ اور اگر کبھی توفیق نہ ہو کہ شوہر والوں کے گھر
آئیں تو ان کے سامنے تھوڑی دیر کے لئے بیٹھ رہیں ہوا اپنی طرح
کسی کی مانگ سے پہنا یا اتار دے اور کپڑے کو دوسرے جوڑے سے بدل دے

وہ دیکھنے کو دیکھتا ہی رہ جاوے۔ جو باتیں خواہش نفسانی کے اتباع سے کی
جاتی ہیں وہ ایسی ہی ہے ہودہ اور عقل سے خارج ہوتی ہیں جن سے انجام کار اور
یہ تمیں بھی ایسی ہی لغو اور عقل کے خلاف ہوا کی۔ مگر ہماری طبیعت ایسی
جاہلیت داخل ہو گئی ہے کہ اچھے برے کی تمیز ہی نہیں رہی اپنا نفع نقصان
بھی خبر نہیں ہے تابع خواہش کر دیا ہے۔

میں نے تھوڑے سے مقامات بیان کئے ——— جب حال
یہ ہے آپ غور کریں اکثر جگہ خواہش کا اتباع ثابت ہوگا۔ مثلاً کہیں تو
اپنی خواہش کے موافق اور جہاں کہیں تو اپنی خواہش کے مطابق اور اتفاق
ہو جاتی خود بخود شرع کے موافق۔ کوئی حال ایسا نہیں معلوم ہوتا جو شریعت
کے موافق ہو۔ اس کی نسبت حدیث کے الفاظ یہ ہیں لا یؤمن احدکم الخ
بعض کے معنی لغویہ یہ ہیں کہ بلا اتباع شریعت ایمان ہی نہیں۔ مگر چونکہ اس معنے
سے اس کی تاویل بھی اتباع ہو جاتے ہیں سے یہ کر لی کہ ایمان کی نفی نہیں
کمال ایمان کی نفی ہے۔ اور مومنانہ کرنے گا کا مراد ہے یعنی اتنی ہی بات سے
خارج نہیں کرتا۔ کیونکہ جن لوگوں نے یہ تقریر نکالی ہے وہ خود خواستہ
رہ یا بہانہ نہ کئے۔ اہل حق کا مذہب یہی ہے کہ معاصی سے ایمان نہیں جاتا
معتزلہ کا مذہب ہے کہ گناہ کرنے سے دوزخ میں جانا ضروری ہے۔ اہل
سنت کہتے ہیں کہ سوائے شرک کے کوئی گناہ ایسا نہیں جس میں مغفرت کے
امید نہ ہو۔ ممکن ہے کہ حق تعالیٰ بڑے سے بڑے گناہ کو بخش دیا دے۔

تو جب تک کوئی ضرورت نہ ہو یا کوئی قرینہ جدا نہ ہو تاویل نہ کریں ورنہ بعض ایسے بڑے اسباب ہیں قطعی ان کے لیے ہیں کہ حقیقت سے ہٹا ہوا ہے جب میری غرض تو اسی غلطی پر متنبہ کرنا ہے کہ آپ جس غرض سے یہ قید لگا سکتے ہیں یہ کہ اتباع ہو جانا ہے کہ معنی سے تعصب دور ہو گیا ہے جو کی اتباع چھوڑ نہیں سکتا اور یہ کہ قرآن و حدیث پر ایمان تو ہے اور الفاظ بالمعنی کو قائم رکھنے کے واسطے قرآن و حدیث میں تاویل کرتے ہیں۔ بعد سمجھ میں آ گیا ہوگا کہ ہم سے تاویل کرتے ہیں وہ غلط ہے اور یہ تاویل کرتے ہیں زمین و آسمان کا فرق ہے تاویل یہ کرتے ہیں کہ دو کلام جو بظاہر متعارض معلوم ہوتے ہیں کوئی ایسے معنی بتائیں جس سے تعارض اٹھ جائے اور تعارض نہ رہے۔ اور ان کی تاویلات بالکل مختلف ہیں اور ان کی تاویل بنیاد قرآن و حدیث ان دونوں کے مقابلہ میں فرق ہے تم کو اس سے واسطے معانی پر جرأت ہوتی ہے وہ ان کو اپنی تاویل سے ہر آیت کی بھی تصحیح ہوتی ہے وہ بہ ضرورت کرتے ہیں اور تم اپنے شوق سے گنجائش نکالتے ہیں۔ دونوں قسم کی تاویلوں میں فرق خوب سمجھ لو ایسے لوگوں کی نسبت مولانا فرماتے ہیں ؎

بر ہوا تاویل قرآں می کنی　　پست و کژ شد از تو معنیٔ سنی
چوں ندارد جان تو قندیلہا　　بہر بینش کردۂ تاویلہا

ترجمہ۔ تو محض ہوائے نفسانی پر قرآن کی تاویل کرتا ہے جس سے قرآن کے عالی معانی تیری تاویل کی بدولت پست اور ٹیڑھے ہو گئے۔ تیری جان میں چونکہ انوار غیبیہ کی قندیلیں نہیں ہیں اس واسطے بینائی کی تدبیر کرتے ہوئے تو نے تاویلیں کی ہیں جو سے چونکہ خالی ہو اس لئے کہ اپنی جہالت چھپانے کے واسطے تاویلیں کرتا ہے

ہے کہ ہمارے حالات سب کے قابل اصلاح ہیں مثلاً اگر آپ کے دل میں
پیدا ہو گیا ہے تو کل مفاسد کی تفصیل معلوم کرو اور ان سے محفوظ رہنے کی
ہمت کر کے اصلاح کی فکر کیجئے۔

ایک لغو عذر یہ بھی ہے کہ جب عوام سے کہا جاتا ہے کہ شریعت کو مانو تو کہتے ہیں کہ ہم تو دنیا دار ہیں ہم سے کہاں شریعت پر چلا جاتا ہے کیونکہ جاہل ہو اجس وقت جنت سامنے کی جائے گی اس وقت بھی یہی کہہ دو گے کہ ہم تو دنیا دار ہیں ہم کیسے اس میں جائیں شریعت کو ایسی کیسی دشوار چیز فرض کر لیا ہے کہ جو دنیا داروں کے بس کی نہیں شب و روز دن رات نفلیں پڑھنا اور کھانا پینا سونا چھوڑ دینے کا نام شریعت ہے جو مشکل ہو بلکہ اس میں بہت وسعت ہے جب یہ چیز کو کتاب میں دیکھ بیوی بچے ترک کر ڈالو ہرگز نہیں بلکہ اس کے یہی معنی ہیں کہ سب چیزوں کو رکھو اور کے پاس مت جاؤ جو منع ہے اتنی تو آسانی کر شریعت کے موافق رہنے کو کمال ایمان فرمایا گیا ہے ہاں اس کے لئے اتنی ضرورت ہے کہ کو معلوم ہو کہ فلاں چیز کو کب جائز کر آتی ہے اور فلاں ناجائز سو معلوم ہونا کچھ دشوار بات نہیں جس کو فرصت ہو وہ کتابیں دیکھ سے حاصل کرے اور جس کو فرصت نہ ہو وہ جاننے والوں سے پوچھ پوچھ کر عمل کرے آج کل تو علم کی کمی بھی نہیں ہے ہر جگہ عالم موجود ہیں جو مسئلہ چاہو پوچھ لو ————— اور اگر موجود کہیں موجود نہ بھی ہوں تو ڈاک کا راستہ ایسا کھلا ہے کہ ہر جگہ سے شرقاً غرباً جہاں سے چاہو جواب منگالو غرض اس بات کی ضرورت ہے کہ ارادہ پختہ کرو اور اپنی سوچ محض اپنے نفس کے کہنے سے کوئی عذر نہ کرو

غاية النجاح

في

اباحة النكاح

یہ وعظ اہلیہ منشی [illegible] حضرت حکیم [illegible] صاحب کے مکان پر ۲۳ ربیع الثانی [illegible]
بروز یکشنبہ تین گھنٹہ کرسی پر بیٹھ کر ارشاد فرمایا۔
سامعین کی تعداد تقریباً پچاس کے تھی مستورات پردہ میں سے
سنتی تھیں۔
حضرت مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی نے قلمبند فرمایا۔

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونؤمن به ونتوكل عليه
ونعوذ بالله من شرور انفسنا ومن سيئات اعمالنا
من يهده الله فلا مضل له ومن يضلله فلا هادي له
ونشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له ونشهد ان
سيدنا ومولانا محمدا عبده ورسوله صلى الله تعالى عليه وعلى
آله وصحبه وبارك وسلم

اما بعد فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم
بسم الله الرحمن الرحيم ومن آيته ان خلق لكم من انفسكم
ازواجا لتسكنوا اليها وجعل بينكم مودة ورحمة ان في
ذلك لايت لقوم يتفكرون — سورة روم پ ۲۱

[illegible]

بالذات نہیں کیونکہ اگر یہ مضمون یعنی حقوقِ نکاح کا بیان فی نفسہ مقصود نہ ہوتا تو نصوص میں اس کا ذکر نہ ہوتا کیونکہ نصوص میں غیر ضروری امور کا ذکر نہیں کیا گیا بلکہ اس وقت مجھے دوسرا مضمون بیان کرنا ہے جو نیا مضمون ہے جو غالباً آج سے پہلے کتابوں میں نہ پڑا ہوگا اور حقوقِ نکاح کا بیان بعض مواعظ میں بھی بارہا بیان ہو چکا ہے اور فقہ کے اردو رسائل میں بھی ان کا ذکر ہے اس لئے اس وقت میں ان حقوق کو بیان نہ کروں گا۔

نصوص میں غیر ضروری امور کا ذکر نہیں

یہ جو میں نے کہا ہے کہ نصوص میں غیر ضروری امور کا ذکر نہیں کیا گیا اس سے یہ بھی معلوم ہو گیا ہوگا کہ جو لوگ قرآن و حدیث میں غیر ضروری امور کو داخل کرتے ہیں وہ غلطی کرتے ہیں نصوص کی وقعت کو کم کرتے ہیں کیونکہ اس کی ایسی مثال ہے جیسے کوئی طب اکبر میں جوتہ سینے کی ترکیب داخل کر دے اور رابطہ یہ بیان کرے کہ بعض امراض ننگے پاؤں پھرنے سے پیدا ہوتے ہیں جن کا علاج جوتہ پہننا ہی ہو سکتا ہے اس لئے ہم نے ناظرین کی آسانی کے لئے جوتہ سینے کی ترکیب بھی لکھ دی ہے مگر یقیناً اس رابطہ کے بعد بھی یہ مضمون اس کتاب کی وقعت کو کم کرنے والا ہے کیونکہ یہ رابطہ محض لغو ہے اگر اس وجہ سے طب اکبر میں جوتہ سینے کی ترکیب لکھی گئی تو پھر کپڑا بننے کی ترکیب بھی بڑھانا چاہئے کیونکہ بعض امراض عریانی سے پیدا ہوتے ہیں اور کھانا پکانے کی ترکیب بھی لکھنا چاہئے کیونکہ بعض امراض بھوکا رہنے یا خراب غذا کھانے سے پیدا ہوتے ہیں اور پاخانہ کمانے کی ترکیب بھی درج کرنا چاہئے کیونکہ بعض امراض نجاست اور ترکِ صفائی سے پیدا ہوتے ہیں پھر وہ طب کی کتاب کیا ہوئی قیامت کی معجون مرکب ہو گئی۔

تفسیروں میں غیر ضروری امور کو داخل کریں

اسی طرح تفسیر بڑھانے کے لئے قرآن میں غیر ضروری امور اور فضول تحقیقات کو شامل کرنا قرآن کی وقعت کو کم کرنا ہے یہ سخت غلطی ہے جس کا منشا خود رائی ہے جس سے وہ تفسیر پیدا ہوتی ہے جو کوئی انسان سے بہتر کر آپ ہی اپنی صحت پر یقین و اطمینان ہے کیونکہ خود رائی کی طبیعت اختلاف ہے اس کا فیصلہ کیونکر ہو کہ کونسی رائے صحیح ہے۔

کثرت رائے پر فیصلہ کرنا ہے

اب شاید کثرت تفسیر بڑھانے کے متعلق کثرت رائے کے متعلق کہیں گے جس پر ہمارا عمل اکثر ہوتا ہے اس کے لئے یہ سمجھنا چاہئے کہ کثرت کی طرف فیصلہ ہوتے ہیں [illegible] اول تو یہ ہے کہ جس کو یہ کثرت سمجھتے ہیں وہ حقیقت میں کثرت نہیں کیونکہ تمام دنیا اس پندرہ سو میں یا اس سے زیادہ آدمیوں کو جمع کر کے ان سے رائے لی اور کثرت پر فیصلہ کر دیا مگر وہاں جو دنیا کے ہیں ان سے رائے نہیں لی گئی کیونکہ دور سے کون آتا ہے اور اگر جمع ہی کیا گیا ہے کہ مختلف رائیں ہیں اور ان کا [illegible] کی شمار کیا جائے تو اس طرح ہوں گے کہ جس کو یہ کثرت سمجھتے تھے وہ حقیقت میں وہ قلت ہے اور اگر فرض کیا جائے کہ تمام سے رائے لینے کی ضرورت نہیں بلکہ ہم خود کو انتخاب کریں گے اور ان کی کثرت پر فیصلہ کا مدار رکھیں گے تو میں پوچھتا ہوں کہ کس معیار سے منتخب کئے جائیں گے اور اس معیار کے صحیح ہونے کی کیا دلیل —— ؟ اگر انتخاب ختم کر معیار نے اپنی ذاتی رائے سے قائم کیا تو کیا اس رائے کے غلط نہ ہونے کی کیا وجہ ؟ اور اگر کثرت رائے سے وہ معیار کیا تو ہم پوچھیں گے کہ آج تک کسی نے اس معیار کے متعلق کثرت رائے حاصل

نہیں کی۔ اور جس دن اس مسئلہ کو کثرتِ رائے سے حل کیا جائے گا ہم دکھا دیں گے کہ یہ مسئلہ طے ہی نہ ہو گا کیونکہ ہر شخص انتخاب خلیفہ کا معیار ایسا بیان کرے گا جس میں وہ خود بھی داخل ہو سکے ایسا معیار کوئی نہ بیان کرے گا جس کی وجہ سے وہ خود بے ثبوت قرار پائے اور ظاہر ہے کہ اس صورت میں کسی ایک معیار پر کثرتِ رائے ہونا دشوار ہے غالباً آج آپ کو کثرتِ رائے پر فیصلہ کرنے کی حقیقت واضح ہو گئی ہو گی کہ یہ محض الفاظ ہی الفاظ ہیں حقیقت میں فیصلہ شخصی رائے سے ہوتا ہے کیونکہ کثرتِ رائے کے حاصل کرنے کا جو طریقہ تجویز کیا جاتا ہے وہ شخصی رائے سے تجویز ہوتا ہے اس میں تو جب غور کرو گے تب شخصی رائے پر ہو گی۔

پھر ہم کہتے ہیں کہ اس کثرتِ رائے کے فیصلہ میں بھی وہ خرابی موجود ہے جو شخصی رائے میں بیان کی گئی ہے کیونکہ کثرتِ رائے کے فیصلہ سے بھی دوسروں کی حریت باطل ہوتی ہے جس کا آج کل بڑا شور ہے کہ مساوات اور حریت ہونی چاہئے۔ یہاں تک کہ عورتوں کو بھی مردوں کے برابر حقوق دینے کا مطالبہ کیا جاتا ہے میں کہتا ہوں کہ تم عورتوں کو تو مردوں کے برابر کرنا چاہتے ہو مردوں مردوں کو تو برابر کر دو میں پوچھتا ہوں کیا پارلیمنٹ کے سب قوانین سب ہی کی رائے کے موافق ہوتے ہیں ——— ؟ ہرگز نہیں بلکہ ہزاروں لاکھوں افراد کی رائے کے خلاف ہوتے ہیں تو کیا اس صورت میں کثرتِ رائے سے حریت باطل نہیں ہوئی پھر کیا وجہ ہے کہ آپ ان لوگوں کو جن کی رائے پارلیمنٹ کے فیصلہ کے خلاف ہے اس فیصلہ کو تسلیم کرنے پر مجبور کرتے ہیں اور ان پر جرمانہ کی دفعات قائم کرتے ہیں آخر ان کو آزادی کیوں نہیں دی جاتی یہ کیا کہ مرد و عورت تو برابر ہوں اور مرد مرد برابر نہ ہوں کیا یہ مساوات ہے

اور جب کثرت راے سے کسی حکومت کا الحاق ہوتا ہے اور وہی جبر و استبداد کہیں بھی بڑ شخصی ملاتے ہیں جو قواب بتاتے ہیں کہ ایک شخص کی غلامی اور استبداد سے پارلیمنٹ کی غلامی اور اس کا استبداد کیوں افضل ہے ——— ؟ یقیناً بیسیوں بیس آدمیوں کی غلامی سے ایک کی غلامی بہتر ہوگی جیسا ایک عاقل [illegible] شاعر کہتا ہے ؎

أَرَبًّا وَاحِدًا أَمْ أَلْفَ رَبٍّ
أَدِينُ إِذَا تُقُسِّمَتِ الْأُمُورُ
تَرَكْتُ اللَّاتَ وَالْعُزَّى جَمِيعًا
كَذَلِكَ يَفْعَلُ الرَّجُلُ الْبَصِيرُ

پس [illegible]

[illegible]

شخصیت کا صحیح مفہوم

[illegible]

کرنے میں دردسری بھی ہے اور اس سے سلسلہ شبہات کا ختم بھی نہیں ہو سکتا تم منشاء کا علاج کرو انشاء اللہ سب ایک دم سے زائل ہو جائیں گے اس کی ایسی مثال ہے جیسے رات کو اندھیرے میں گھر کے اندر چوہے بہت زور کرتے پھرتے تھے اور گھر والے ایک ایک کو پکڑ کر باہر نکالتے تھے مگر وہ سب کے سب اندر آ جاتے تھے

ایک عاقل نے کہا کہ میاں یہ سب اندھیرے کی وجہ سے کودتے پھرتے ہیں تم چراغ روشن کر دو یہ سب خود ہی بھاگ جائیں گے پھر ان کا پتہ بھی نہ لگے گا

منشاء شبہات اور علاج کی عجیب مثال

چنانچہ چراغ روشن کیا گیا اور سب کے سب اندر سے خود ہی بھاگ گئے بس اسی طرح یہاں سمجھ لو کہ یہ وساوس و شبہات چوہے ہیں اور شبہ آئے دن پیدا ہوتے آتے ہیں ان کا منشاء ظلمت قلب ہے جس کا علاج یہ ہے کہ قلب میں نور پیدا کرو پھر ایک شبہ بھی پاس نہ آئے گا وہ نور کیا ہے؟ نور محبت ہے

عشق علاج وساوس ہے

حضرت محبت و عشق وہ چیز ہے کہ جب یہ دل میں گھس جاتی ہے پھر محبوب کے کسی حکم اور کسی قول و فعل میں کوئی شبہ اور وسوسہ پیدا نہیں ہوتا اگر کوئی پروفیسر فلسفی کسی طوائف پر عاشق ہو جائے اور وہ اس سے یوں کہے کہ میرا کپڑے اتار کر ننگے آؤ تو میں تم سے بات کروں گی ورنہ نہیں تو فلسفی صاحب اس کے لئے فوراً تیار ہو جائیں گے اور یہ کبھی نہ پوچھیں گے کہ کیوں؟ کہیں تیری کیا مصلحت ہے اب کوئی اس سے پوچھے کہ آپ کی وہ عقلیات و فلسفیت اس طوائف کے سامنے کہاں چلی گئی افسوس قرآن و حدیث کے مقابلہ میں تو ساری فلسفیت ختم کی باقی ہے اور ایک ادنیٰ مردار کے مقابلہ میں جوش ہوا اور ایک

سب رخصت ہو گیا۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے یقیناً آپ یہی کہیں گے کہ اس کی وجہ محبت کا عشق ہے جب یہ معلوم ہو گیا کہ خدا اور رسول کے احکام میں شبہات پیدا ہونے کی وجہ عدم محبت یا قلت محبت ہے اگر آپ کے دل میں نور محبت روشن ہوتا تو یہ سارے شبہے اور وہم خود بخود جل جاتے شیخ سعدی اسی کے متعلق فرماتے ہیں ۔

تو را عشق ہمچو خودے ز آب و گل | رباید ہمہ صبر و آرام دل

در عجب نہیں مخلوق کے عشق کا یہ اثر ہے تو خالق کے عشق کا اثر کیا کچھ نہ ہوگا آگے ہے ۔

عجب داری از سالکان طریق | کہ باشند در بحر معنی غریق
ز سودائے جاناں ز جاں مشتغل | بذکر حبیب از جہاں مشتغل

پھر فرماتے ہیں ۔

[illegible] | [illegible]

شبہ متعلق اجتہاد

[illegible] علماء کرام کی توجہ کرتا ہوں کہ علماء کے اجتہادی مسائل میں [illegible] کا کیا جواب دیا ہے کہ ہمارے ان کے سامنے کوئی شبہ پیش ہو سکے اور جو شبہ کے متعلق جواب ہو تو [illegible] ۔ —— اس کا جواب یہ ہے کہ مسائل کو تشخیص کرو اور یہ کہ اجتہادی مسائل کی [illegible] کیا ہوتا ہے جب تم کو [illegible] [illegible] تشخیص کر سکے [illegible] اور [illegible] عشق [illegible] سکے [illegible] کہتا ہوں کہ جن مسلمانوں کو آج کل مذہبی شکوک اور شبہے پیدا ہوتے ہیں ان کے اس مرض کا [illegible] قلت محبت مع اللہ ہے ان کو

اللہ و رسول کے ساتھ محبت نہیں ہے، تعلق نہیں ہے اور محض رسمی تعلق کو تعلق کہا جاتا، اور تعلق مع اللہ کے حاصل ہونے کا ذریعہ طریق میں صرف یہ ہے کہ اہل اللہ کی صحبت حاصل کی جائے اہل محبت کی صحبت میں یہ خاصیت ہے کہ اس سے بہت جلد محبت پیدا ہو جاتی ہے جیسا کہ اہل غفلت کی صحبت سے غفلت جلدی پیدا ہوتی ہے پھر جب محبت اور تعلق مع اللہ حاصل ہو جاتا ہے یہ علم و کشف باطل اور وساوس و شبہات سب جاتے رہیں گے، میں بہت ہی تجربہ کے ساتھ کہتا ہوں کہ ان شبہات کے سبب یہ کیوں ہیں دماغ میں ہوتے ہیں بس تم صرف یہ کام کرو کہ ان لوگوں کو اہل اللہ کی صحبت و محبت کا پتہ دے دو، اور تمہاری ساری تدبیریں اور تقریریں کہ دیکھو یہ جو مرض ہے اس کا علاج اعتراضات ہیں ناواقف طبیبوں کی تدبیر کا سا حال، فرمایا کہ ایک بادشاہ کی لڑکی بیمار تھی، اطبا نے اس کا مرض سودا و صفرا تجویز کرکے دوا دی مگر فائدہ نہ ہوا آخر کو ایک طبیب الٰہی آیا اور اس نے تجویز کیا کہ ۔

رنجش از سودا و از صفرا نبود | بوئے ہر ہیزم پدید آید ز دود

اس کو سودا یا صفرا کا مرض نہیں بلکہ یہ تو ایک زرگر کے عشق میں گرفتار ہے اور سنئے دوسرے طبیبوں کی تدبیروں کے متعلق لکھا ہے ۔

گفت ہر دارو کہ ایشاں کردہ اند | آں عمارت نیست ویراں کردہ اند
بے خبر بودند از حال درون | استعیذ اللہ مما یفترون

اصل مرض سے آنکھیں بند کرکے علاج کرنا ایسا ہے جیسا ایک شخص پاخانہ میں بیٹھا ہو ہر طرف بدبو پھیل رہی ہو اور تم ناک کو لگا رہے ہو اور سے عطر حنا اور عطر خس لگا رہے ہو اس سے کیا ہوتا ہے جب تک پاخانہ کو دور نہ کرو گے تمہارے سارے عطر برباد ہو جائیں گے ۔

ازالۂ شبہ بابت تقلید محقق لازم ہے

مگر شبہ تو یہ ہے کہ آج کل علماء بھی خود طریق علاج نہیں جانتے۔ تو اب خود ہم نے اپنا علاج خود کرنا شروع کیا کہ قرآن و حدیث کا ترجمہ پڑھتے ہیں اور ترجمہ دیکھ کر شبہات کا خود ہی جواب لیتے ہیں۔ مگر میں تجربہ سے کہتا ہوں کہ ایسے شواہد کو خود ترجمہ پڑھنا مضر ہے بلکہ ضروری ہے کہ کسی محقق سے رجوع کرو اور جو طریق وہ بتلاوے اس پر عمل کرو اپنی رائے کو دخل نہ دو پھر وہ ہی تم کو قرآن کا ترجمہ پڑھنے یا نہ پڑھنے کی رائے دے گا اگر قابل ہو گا اجازت دے گا اور اگر اپنی رائے چلاؤ گے تو اس کی ایسی مثال ہوگی جیسے اپنے بچہ کے لئے تم کسی طبیب کو تجویز کرو اور پھر اس میں اپنی رائے کو دخل دو تو کیا آپ کو اس کی رائے کی کچھ وقعت ہوگی ———— ؟ ہرگز نہیں صاحبو!

دنیا و دین کا کوئی کام بھی بدون تقلید محقق کے نہیں ہو سکتا۔ دیکھئے اگر ایک سرکاری مکان بنوا کر روپیہ بھی خرچ ہو گیا ہو مگر انجینیر اس کو پاس نہ کرے تو دیر نہ کرو فوراً اس کو گرا دیا جاوے گا اسی وقت ان کی عمارت کو بیکار کر دیا جاتا ہے اور اس کی ساری لاگت ضائع کر دی جاتی ہے یہاں کوئی اپنی عقل کو دخل نہیں دیتا بلکہ پورا اتباع انجینیر کی تقلید کی جاتی ہے کیونکہ وہ تجربہ کار ہے اس کی تجویز میں کوئی دخل نہیں دیتا۔

اہل یورپ تقلید پرستی کرتے ہیں

صاحبو! جن لوگوں کی تقلید میں آپ تقلید سے بھاگتے ہیں وہ تو خود تقلید پرستی نہیں کرتے بلکہ تقلید پرستی کرتے ہیں۔ یہی قرآن شریف پر ست کو اور ہر شئ محقق کو اپنی رائے سے مخالف سمجھتے ہیں

آپ کی رائے باطل ہے کیونکہ آپ محقق نہیں ہیں۔ اسپرٹ۔ یا آپ یہ کہتے ہیں کہ جب علماء یہ کام نہیں کرتے تو ہم نے کہا او ہم ہی یہ کام کر لیں کیونکہ علماء تو پرانی لکیر کے فقیر ہیں وہ جدید تحقیقات کا ثبوت قرآن و حدیث سے نہیں دیتے تو یہ کام ہم ہی نے شروع کر دیا۔ میں کہتا ہوں بیشک لیکن آپ کے اس کام کی ایسی مثال ہو گی جیسے کسی طبیب کا لڑکا اپنے باپ کے ساتھ مطب میں اور مریضوں کو دیکھنے جایا کرتا تھا مگر خود اسے طب کی عقل نہ تھی ایک دفعہ اس کے باپ نے کسی مریض کی نبض دیکھ کر کہا کہ آج معلوم ہوتا ہے تم نے انار کھائی ہے۔ مریض نے اقرار کیا حکیم صاحب نے اس کو پرہیز کی تاکید کر کے نسخہ لکھ دیا۔ جب واپس ہوئے تو لڑکے نے باپ سے پوچھا کہ آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا کہ اس نے انار کھائی ہے کہا نبض سے تو یہ معلوم ہوا تھا کہ اس نے کوئی شے ترش کھائی ہے اور اس کی وجہ یہ کہ جب چارپائی کے نیچے جو میں نے نظر کی تو انار کے چھلکے نظر پڑے اس سے میں سمجھا کہ اس نے انار کھائی ہے۔ بس صاحبزادے کے یہ گُر ہاتھ آ گیا کہ مریض کے پلنگ کے نیچے جو چیز پڑی ہو وہ اسی نے کھائی ہے جب حکیم صاحب کا انتقال ہو گیا اور صاحبزادہ کی نوبت آئی تو آپ ایک مریض کی نبض دیکھنے گئے اور چارپائی کے نیچے نظر دوڑائی کہنے لگے کہ آپ نے تو زین کھائی ہے کیونکہ چارپائی کے نیچے زین پڑی تھی۔ مریض نے کہا کہ کہیں کوئی زین بھی کھایا کرتا ہے کہا کہ ہاں نبض تو یہی بتاتی ہے۔ مریض نے کہا کہ اس کو دھکے دے کر گھر سے باہر نکال دو۔ یہ تو بالکل جاہل معلوم ہوتا ہے تو حضرت یہی حال آپ کی حالت ہوئی کیونکہ آپ کو قرآن کی تو خبر نہیں شریعت سے ادنیٰ سے مناسبت نہیں معارضہ آپ نے کیا کیا ہے کیا تفسیر کریں گے؟

علماء کا کام صرف قانون الٰہی کا بیان کرنا ہے

موجودہ علماء کا یہ کام نہیں ہے کہ وہ قرآن میں صنعت و حرفت کو ٹھونسیں اور نہ قرآن صنعت و حرفت کی کتاب ہے۔ بلکہ قرآن قانونِ الٰہی ہے۔ اور علماء کا کام وہ ہے جو وکلاء کا کام ہوتا ہے کہ وکیل صرف یہ بتاتا ہے کہ یہ امر قانون کے موافق ہے یا خلاف ہے۔ اس سے زیادہ وکیل کا کام کچھ نہیں۔ مثلاً اس سے قانون کی ماہیت پوچھی جاوے تو اسی طرح علماء کا اس سے زیادہ کچھ کام نہیں کہ جس بات کے متعلق شبہ ہو کہ یہ قانون کے خلاف تو نہیں ہے اس کو ہمارے سے پوچھ لو وہ قانون الٰہی کے موافق یا مخالف ہونے کو واضح کر دیں گے نہ ان کا یہ کام ہے کہ اس قانون کی ماہیت بتلا دیں نہ یہ کام ہے کہ تمام سائنس کی تحقیقات کو قرآن میں داخل کریں اسی طرح نہ ان کا یہ کام ہے کہ قوم کو دولتمند بنائیں نہ یہ کہ ان کے لئے چندہ کریں۔ ان کا کام صرف قانون ہی کا بتلانا ہے اور ان سے یہی پوچھنا چاہئے کہ یہ بات قانون الٰہی کے خلاف تو نہیں۔

سب علماء کو میدان سیاست میں قدم رکھنا جائز نہیں بلکہ تقسیم خدمات لازم ہے۔

ورنہ یہ کہیں اگر سب ہی میدان میں آ بیٹھیں گے تو جیسا دستور ہے قرآن و حدیث کا پڑھنے والا آپ کو کوئی نہ ملے گا دین علماء کے سیکھنے سکھانے کا انتظام ہی نہ رہے گا مختلف نہیں بلکہ یہ امر ضروری ہے کہ سب کو سیاسیات میں دخل دینا جائز نہیں ہاں جب یہ ضرورت ہو کہ اچھی طرح حاصل کر لیا تو جس کو سیاسیات میں دخل دینے کا شوق ہو وہ داخل ہو کر دیکھ لے کہ جو لوگ ایسے ہیں یا جن لوگوں کا کام صرف قال اللہ و قال الرسول اور ہونا چاہئے یہ پڑھنا پڑھانا

کے کچھ نہ ہو کیونکہ تجربہ ہے کہ کتابی استعداد اور فتوی دینے کی قابلیت بدون کسی کے کامل نہیں ہوتی جو علماء میدان میں آگئے ہوئے ہیں انمیں اکثر تو وہ ہیں جن کو کتابی استعداد بالکل نہیں اور اگر کسی کو یہ قابلیت حاصل ہے تو یہ حجرہ نشینی ہی کی برکت ہے کہ وہ ایک مدت تک نشین ہو کر کتابوں کی ورق گردانی کرتا رہا ہے مگر آپ اس حجرہ ہی کو بند کرنا چاہتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ چند روز میں حدیث قرآن وفقہ کے سمجھنے والے اور ان کو صحیح طور پر نقل کرنیوالے دنیا سے نابود ہو جائیں گے۔ اگر اس کی ضرورت کو آپ محسوس کرتے ہیں اور یقیناً ہر شخص اسکی ضرورت کو تسلیم کریگا تو ضروری ہے کہ سب علماء میدان میں نہ آئیں بلکہ بکثرت میدان میں آئیں اور بعض منزوی رہ کر تبلیغ کریں اور ایک جماعت ایسی ہو جو ان سب کاموں سے الگ رہ کر حدیث و قرآن وفقہ اور ضروریات کی تعلیم دیں۔ ان کو سوائے اسکے تعلیم کے کچھ نہ کرنا چاہئے ورنہ آئندہ علماء جو کام دیں پیدا نہ ہوں گے تعلیم خود دین کا بہت ضروری ہے اور تمام مقاصد اور مقدمات تو اسکی ضرورت پر متفق ہیں پھر تعجب ہے کہ آپ بجائے اس کو نظرانداز کر کے سب کو ایک کام میں کیوں لگانا چاہتے ہیں بعض لوگوں نے اسکا نام رکھا ہے مل کر کام کرنا۔

مل کر کام کرنے کے معنی

صحیح معنی مل کر کام کرنے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ بغیر حق اور مصالح جن کے سب ایک ہی کام کو لگ جائیں بلکہ اس کے معنی یہ ہیں کہ مختلف زمانے میں جتنے کاموں کی ضرورت ہے ان کو بانٹ کر ایک کام کوئی کرے ایک کام دوسرا کرے ایک کام تیسرا کرے۔ تبھی کام تیار ہوگا ورنہ بڑھئی اور معمار اور لوہار سب کے سب ایک ہی کے کام پہ لگ گئے تو مکان ہرگز تیار نہ ہوگا۔

علماء اپنا کام کر رہے ہیں

بس یہ سمجھنا غلط ہے کہ علماء کام نہیں کرتے علماء کا جو کام ہے جس کا انہوں نے بیڑا اٹھایا ہے وہ اس کو بحمد اللہ بخوبی کر رہے ہیں آپ کو ان کے کام میں دخل دینے کی ضرورت نہیں آپ اپنی رائے سے قرآن و حدیث میں غیر ضروری اور فضول باتیں کرنا چھوڑ دیجئے اور اپنی تحقیقات کو شریعت میں داخل نہ کیجئے بلکہ قرآن و حدیث کو ان لوگوں پر چھوڑ دیجئے جو اس کے سمجھنے والے ہیں اور آپ صرف انہی کی تقلید کرنا چاہئے اپنی رائے سے قرآن و حدیث میں کسی چیز کا مطلب بیان کرنا نہیں بلکہ سراسر حماقت ہے چونکہ آجکل لوگوں میں یہ مرض عام ہو گیا ہے اس لئے اس قدر اس کا بیان کر دیا گیا چنانچہ میں ایک جگہ گیا تھا وہاں ایک صاحب کہنے لگے کہ آجکل تحقیقات سے یہ ثابت ہوا ہے کہ [illegible] ثابت ہوئی ہیں چنانچہ اخبار میں بھی [illegible] کہ قرآن شریف میں [illegible] ذکر ہے کیا وہ محقق آپ کے نزدیک [illegible] کی ضرورت [illegible] آپ پر [illegible] کہ آجکل تحقیقات سے یہ ثابت ہوئی ہے ۔

[illegible]

افسوس ہے لوگ قرآن و حدیث کو تو چھوڑ دیں اپنی [illegible] کے اقوال کو [illegible] نہیں [illegible] بلکہ ان [illegible] ہیں [illegible] تحقیقات [illegible] اس لئے انسانی [illegible] کی [illegible] ضرورت ہے ۔

قرآن میں ہر مضمون کا ہونا ضروری نہیں

قرآن سب کے بعد یہ
قرآن مجید میں ثابت کر لیا

کہ قرآن میں ہر واقعی بات مذکور ہوتا ہے اور اس کے متعلق کسی بزرگ کی طرف یہ شعر منسوب کیا جاتا ہے ؎

جَمِیعُ الْعِلْمِ فِی الْقُرْآنِ لٰکِنْ
تَقَاصَرَ عَنْهُ اَفْهَامُ الرِّجَالِ

(قرآن میں تمام علوم ہیں لیکن لوگوں کی فہم اس کے سمجھنے سے قاصر ہیں) مگر میں کہتا ہوں کہ اوّل تو سند صحیح سے اس کا ثبوت دو کہ یہ شعر کسی بزرگ کا ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں یہ تو کہا گیا ہے کہ قرآن میں تمام علوم ہیں جمیع العلم فی القرآن تو نہیں کہا تو اب تم اس کا ثبوت دو کہ جن تحقیقات کو تم قرآن میں ٹھونستے ہو وہ علم ہے جہل نہیں۔ اور اگر علم ہے اور اتفاق سے صحیح ہے تو میں کہوں گا کہ اگر وکیل کا امتحان قانون وغیرہ میں ہو رہا ہو اور کوئی ممتحن یہ کہے گا کہ وکیل کا امتحان پارچہ سازی و پارچہ دوزی میں بھی ہونا چاہئے کیونکہ علم النوی تو یہ بھی ہے یقیناً کوئی اس کی جرأت نہ کرے گا کہ یہ بات کہے گو وہ علم ہے مگر اس کے علم کے سامنے یہ جہل ہے علم نہیں اسی طرح جن باتوں کو آپ قرآن میں ٹھونسنا چاہتے رہے ہیں وہ علوم قرآن و حدیث کے سامنے علم نہیں بلکہ جہل ہیں۔ غرض وہ صاحب بڑے حیران ہوئے کہ قرآن میں یہ مسئلہ کہاں ہے کہ ریل تار وغیرہ میں بھی زندہ رہتے ہیں تو انہوں نے ترجمہ دیکھا اور ڈپٹی نذیر احمد صاحب کا ترجمہ اس خیال سے بڑے اہتمام سے دیکھا کہ ڈپٹی روشنی کے ممبر ہیں شاید انہوں نے نئی تحقیقات کو قرآن میں ٹھونسا ہو لیکن یہ مسئلہ اور بھی نہ ملا تو کہنے لگے کہ یہ فقیر ہیں ان سے کیا امید ہے کہ سنت کے قوال پر کیا نہ دیں

کرنے کے لئے ڈپٹی نذیر احمد صاحب کے ترجمہ میں بھی کہیں اس مسئلہ کو ذکر نہ پایا کیونکہ مولوی صاحب ڈپٹی کے منصب پر تھے مگر عمر میں پرانے ہی تھے اس لئے وہ [illegible] کے [illegible] نہ تھے اور قرآن کے ترجمہ میں کچھ لکھ دیا ہے

[illegible]

اللہ نے آپ کو ایک بشارت [illegible]

[illegible] صاحب کے ترجمہ میں بہت ڈھونڈا [illegible] پڑھنے کے [illegible] قرآن [illegible] کی [illegible] اور [illegible] کیا تھا کہ [illegible] ذکر [illegible] صاحب کے [illegible] ترجمہ میں یہ مضمون نہ پایا اور [illegible] تو [illegible] [illegible] سورۂ یٰسین [illegible] جب اس آیت پر پہنچی

سُبْحَانَ الَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ
وَمِنْ أَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُونَ

ترجمہ [illegible] فوراً اس [illegible] کی طرف منتقل ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اس جگہ یہ مسئلہ بیان فرمایا ہے کہ مخلوق میں نر و مادہ ہیں اور عجیب بات ہے کہ یہ مسئلہ جو قرآن میں [illegible] کی [illegible] سے [illegible] خود [illegible] کسی [illegible] میں نہ آیا شاید [illegible] یہ وجہ ہو کہ نر و مادہ کا مسئلہ زوجین کے اجتماع ہی سے حل ہو سکتا ہے [illegible] اللہ تعالیٰ نے [illegible] یہ فرمایا ہے کہ پاک ہے وہ ذات جس نے تمام ازواج کو پیدا کیا زمین کی نباتات سے بھی اور خود تمہاری جنس میں بھی

ترجمہ: پاک ذات ہے جس نے بنائے جوڑے سب چیز کے اس قسم سے جو اگتی ہے زمین سے اور خود ان میں سے اور ان چیزوں سے جن کی ان کو خبر نہیں۔ سورۂ یٰسین

اور ان چیزوں میں بھی جن کو تم نہیں جانتے اور ازواج کے معنی نر و مادہ کے ہیں۔ میں نے کہا سبحان اللہ! یہ آپ سے کس نے کہہ دیا کہ زوج کے معنی نر و مادہ کے ہیں زوج کے معنی لغت میں جوڑے کے ہیں چنانچہ زوج الخف موزوں کے جوڑے کو کہتے ہیں اور زوج و فرد جفت و طاق کو کہتے ہیں کیا یہاں بھی آپ نر و مادہ کے معنی کریں گے ہرگز نہیں اور میاں بیوی کو بھی ازواج اسی لئے کہتے ہیں کہ ہر ایک دوسرے کا جوڑا ہے پس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر چیز میں مختلف اقسام پیدا کی ہیں نباتات میں بھی، انسانوں میں بھی اور ان چیزوں میں بھی جن کو تم نہیں جانتے اور اقسام مختلفہ کو ازواج اس واسطے کہا گیا کہ ایک دوسرے کے مقابل کی یہ قسم کے افراد ہیں گویا باہم جوڑے ہیں، یہ ہے آج کل کے استدلالات کی حقیقت جن کو ایک ادنیٰ صاحب علم بھی سمجھتا ہے کہ یہ استدلال قرآن سے کیونکر ہوا۔

لطیفہ پس یہ ایسا ہی استدلال ہے جیسا کہ شاہ عبدالعزیز صاحب کے پاس ایک جاہل کہنے لگا تھا کہ حضرت یہ [illegible] ماں کو [illegible] نہیں دیتا بلکہ ساری کمائی بیوی کو دیدیتا ہے شاہ صاحب نے اس سے وجہ پوچھی تو کہا قرآن میں ماں کا حق کہیں نہیں ہے اور بیوی کا ہے [illegible] کہ آپ نے [illegible] پڑھ کر کہا [illegible] زوجہ کو شاہ صاحب نے پوچھا کہ تو نے قرآن کا ترجمہ و تفسیر پڑھی ہے کہا نہیں پوچھا قرآن پڑھا ہے کہا صرف چند سورتیں شروع کے پارہ سے یاد ہیں [illegible] یہ کیسے معلوم ہوا کہ قرآن میں ماں کا حق نہیں ہے؟ شاہ صاحب نے فرمایا کہ سورۂ تبت یاد ہے کبھی پڑھی ہے کہا ہاں فرمایا ذرا سناؤ تو اس نے پڑھنا شروع کیا تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۔ مَآ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۔

فرمایا دیکھو قرآن میں تو یہ ہے کہ مال کا سبب۔ جو کچھ ہے سب مال ہی کا ہے بیوی کا تو صرف نفقہ ہے۔ کہنے لگا جی ہاں۔ اب سمجھ گیا اب میں مال کو بھی دیا کروں گا۔ تو کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ یہ قرآن سے استدلال ہے ہرگز نہیں بلکہ یہ الزامی جواب تھا کہ جیسی تفسیر تم نے اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ کی کی ہے ویسی ہی تفسیر پر قرآن سے یہ مسئلہ بھی نکل سکتا ہے۔ بس اسی طرح جو مسائل آجکل کے ذہین لوگ قرآن میں ٹھونستے ہیں وہ قرآن سے اسی طرح ثابت ہوتے ہیں جس طرح سورۂ ایلاف سے سورۂ تبت سے یہ مضمون ثابت ہوئے تھے۔ ایک صاحب نے قرآن سے یہ مسئلہ ثابت کیا ہے کہ منی میں کیڑے ہوتے ہیں ان کیڑوں سے بچہ بنتا ہے تو آپ نے خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ سے اس مسئلہ کو ثابت کیا اور کہا کہ علق لغت میں جونک کو کہتے ہیں اور وہ بھی ایک کیڑا ہے تو قرآن سے ثابت ہو گیا کہ بچہ منی کے کیڑوں سے بنتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ قرآن سے تو یہ ثابت نہ ہوا بلکہ اگر تمہارے ترجمہ کو مان لیا جائے تو یہ ثابت ہوا کہ انسان کو جونک سے پیدا کیا ہے اور اس کے تو سائنس والے بھی قائل نہیں۔ تو افسوس تم نے قرآن کا ترجمہ بھی بگاڑا اور مقصود بھی ثابت نہ ہوا۔ ان سب تحریفات کا منشا یہ ہے کہ یہ لوگ اپنی رائے کو اس قابل سمجھتے ہیں کہ قرآن کو اس کے تابع کریں۔

تواضع صاحبو! ہم کو لازم ہے کہ اپنے کو جاہل سمجھیں عاقل اور ذی رائے نہ سمجھیں اور اگر عاقل و ذی رائے ہیں تو دنیا کی باتوں میں رائے چلایا کریں، قرآن و حدیث کو تختۂ مشق نہ بنائیں بلکہ [illegible] کرنا لازم ہے کہ اپنے کو عاقل نہ سمجھیں۔ اگر جاہل بھی نہ سمجھیں کہ اس میں ناشکری ہے تو بلکہ علماء متقدمین سے پوچھ کر کہا کریں۔

لہ [illegible] جو [illegible] پیدا کیا جاتا ہے۔

معلوم ہوا کہ جو لوگ قرآن میں اپنی رائے کو دخل دیتے ہیں ان کو ایمان عزیز نہیں ورنہ اگر دین کی قدر ہوتی ایمان ان کو عزیز ہوتا تو قرآن میں اپنی رائے کو نہ ٹھونستے نص سے مزاحمت کرتے جیسا کہ نص سے مزاحمت نہیں کرتے اور اگر دوا طبیب یا ڈاکٹر کی رائے سے مزاحمت کریں گے تو دوا بدل لیتے کا پھر معلوم دین ہی اتنا سستا کیوں ہے کہ ہر شخص اپنی رائے کو دخل دیتا ہے۔

ایمان کی قدر نہ ہونا

آج [illegible] ایسے ہیں کہ جو [illegible] [illegible] کہ سب [illegible] ہنس دیں گے۔ کہدیں گے کہ پھر ایمان آ جاوے گا اور اگر کہیں جاتا رہا تو پھر کلمہ پڑھ لینے سے واپس آ جاوے گا اس لیے بیوی کا نکاح ٹوٹنے کا ڈر تو ان کو ہو جاتا ہے مگر ایمان جانے کا خوف نہیں ہوتا سو یاد رکھو بعض اوقات لا الٰہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ کہنے سے بھی واپس نہیں آتا اور وجہ اس کی یہ ہے کہ اس سے ایمان تازہ ہو جاتا ہے کہ اگر کفر میں مل جاوے تو ایمان کی حقیقت یہ ہے کہ پھر ایمان کی توفیق ہی نہ ہو چنانچہ قرآن میں ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا ثُمَّ كَفَرُوا ثُمَّ آمَنُوا ثُمَّ
كَفَرُوا ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللَّهُ لِيَغْفِرَ
لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيلًا ۝ دیکھو ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا

کے بعد بھی ثُمَّ آمَنُوا کی گنجائش تھی مگر اس کے بعد حق تعالیٰ نے ثم آمنوا نہیں فرمایا کیونکہ اس پر متنبہ کرنا مقصود ہے کہ اس فعل میں خاصیت یہ ہے کہ

---

[1] جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے گئے تو اللہ ان کو ہرگز نہ بخشے گا اور نہ ان کو سیدھی راہ دکھائے گا۔

اس کے بعد پھر توفیق ایمان نہیں ہوتی پس ایمان کی قدر کرو اور اس کی حفاظت کی کوشش کرو قرآن و حدیث میں اپنی رائے کو دخل نہ دو اور [illegible] سے مراقبت کرو [illegible] کے لئے [illegible] کرو اگر [illegible] شبہات و وسوسہ [illegible] [illegible] تو قرآن و حدیث میں [illegible] کی تائید کرنا [illegible] -

[illegible] | [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] | [illegible]

ہوا تو پچیس روپیہ کی تنخواہ ہو گئی تو اتنی آمدنی میں تو ایسے ہی لباس بنا سکتے ہیں جیسا وہ پہنے رہتے ہیں مگر وہ مصلحت بھی قابل لحاظ ہے جو قیمتی لباس [illegible] بعض لوگوں کو یہ [illegible] اپنی نظر میں [illegible] سے لیاقت و قابلیت [illegible] سمجھ [illegible] ہوا اور [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کے بعد [illegible] [illegible] ہوں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کیونکہ [illegible] یاد ہے ع

ہر کہ گردن بدعوے فرازد خویشتن را بگردن اندازد

[illegible] کی وقعت جو خود اپنی زبان سے [illegible] تو خود یہ کہتے ہیں کہ [illegible] نہیں آتا اور [illegible] ایمان کا دعوی نہیں کرتے ہاں تحدیث بالنعمۃ کے [illegible] کہ اس نے ہم کو ایمان نصیب [illegible]

نہیں کرتے بس ان کی تواضع نے اہل دنیا کو شیر کر دیا وہ یہ سمجھے کہ جب یہ خود اپنی زبان سے کہتے ہیں کہ ہم کو کچھ نہیں آتا اور مولوی ہو کر یہ تقریر نہیں کر سکتے ———— تو یہ واقع میں کچھ نہیں ہوں گے۔ یہ آجکل کی عقل ہے جو ان حضرات کو شبہ ہو رہا ہے ورنہ حقیقت میں فلسفہ کے ساتھ انگریزی منطق پڑھے ہوئے ان کی وقعت نہیں رکھتے وہ استحالہ و استبعاد میں امتناع وقوعی و ذاتی میں ثبوت اور تائید میں بھی کوئی فرق نہیں کر سکتے۔ مگر علماء ان میں فرق کرتے ہیں اور ہر ایک کی حقیقت کو الگ الگ جانتے ہیں اس لئے میں نے کہہ دیا کہ اس آیت سے میں اس مضمون کو جو اس وقت بیان کرنا چاہتا ہوں ثابت نہ کروں گا بلکہ آیت سے صرف تائید کروں گا۔

حفظ حدود

اور یہ حفظ حدود ہے کہ ہر مضمون کو اس کی حد پر رکھا جائے چونکہ اس سے پہلے اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ کا بیان ہوا تھا جس میں تنبیہ کی گئی تھی کہ شریعت میں حفظ حدود کا بڑا اہتمام ہے اس لئے میں نے اسپر متنبہ کر دیا کہ حفظ حدود میں یہ بھی داخل ہے کہ دلالت کلام کے درجات کا لحاظ رکھا جائے کہ جو مضمون جس درجہ میں مدلول ہو اس کو اسی سے آگے نہ بڑھایا جائے۔ اب میں اول آیت کا ترجمہ کرتا ہوں اس کے بعد مضمون مقصود کی تائید کروں گا۔ ترجمہ آیت کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کی قدرت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری ہی جنس سے تمہارے جوڑے بنائے۔

نکاح کا اصل موضوع لہ

یعنی ازواج کو پیدا کیا تاکہ ان سے سکون و تسلی حاصل ہو یہ نکاح کا اصل موضوع لہ ہے یعنی سکون ہونا باقی خدمت وغیرہ سب فروع ہیں وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً۔

اور تمہارے درمیان باہمی محبت اور ہمدردی پیدا کی یہ بھی دلائل قدرت میں سے ہے کہ جو دو شخص ابھی ایک ساعت پہلے اجنبی محض تھے اب نہیں نکاح کے بعد کیسی محبت ہو جاتی ہے کہ دوسرے تعلقات میں اسکی نظیر نہیں ملتی اسی لئے حق تعالیٰ نے اس کو صیغہ امر سے بیان نہیں کیا کہ تمکو آپس میں مودت و رحمت کا برتاؤ کرنا چاہئے بلکہ صیغہ خبر سے بیان فرمایا کہ ہم نے تمہارے درمیان خاص تعلق پیدا کر دیا ہم نے ہماری مدد کی ہے بدون ہماری مدد کے جنسیت میں ایسا تعلق نہیں ہو سکتا تھا اور یہاں مودت و رحمت دو لفظ اختیار کئے گئے اس سے [illegible] ہے کہ اس تعلق میں کبھی مودت کا غلبہ ہوتا ہے کبھی رحمت و ہمدردی کا جوانی میں مودت و محبت کا غلبہ ہوتا ہے اور بڑھاپے میں رحمت و ہمدردی کا اور اس زمانہ میں عورتوں کی اس شکایت کا بھی جواب ہو گیا جو عموماً [illegible] کرتی ہے جب نکاح کو چند سال گزر جاتے ہیں تو عورتیں فریاد کرتی ہیں کہ اب خاوند کو ہمارے ساتھ وہ محبت نہیں رہی جیسی شروع میں تھی اب وہ [illegible] اور جوش عشق نہیں رہا سو اس شکایت کا منشا جہل ہے اور اگر وہ [illegible] تو یہ سمجھ لیں کہ [illegible] دونوں [illegible] تو شکایت [illegible] کہ کوئی تسلیم نہ کریگا [illegible] کہ یہ [illegible]

جوش عشق کا کم ہونا کمال الفت کی دلیل ہے

کم ہونا ہے [illegible] قدرت کے [illegible]

[illegible] جوش کا کم ہونا محبت کی [illegible] دلیل نہیں بلکہ کمال محبت کی دلیل ہے کیونکہ جوش [illegible] خود نقص کی دلیل ہے [illegible] جب [illegible] ہو جاتا ہے [illegible] جوش کم ہو کر سکون ہو جاتا ہے [illegible]

کہ ہنڈیا پک گئی اسی لئے انبیاء علیہم السلام اور کاملین میں کیفیات کا جوش کم ہوتا ہے اور متوسطین میں ان سے زیادہ اور چھوٹے بچوں میں تو سب سے زیادہ جوش ہوتا ہے مگر سب جانتے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کامل ہیں تو انکی محبت بھی سب سے کامل ہے حالانکہ وہاں جوش نہیں۔ پس عورتوں کو سمجھ لینا چاہئے کہ —— بیوی کے پرانی ہو جانے سے اگر مرد کا جوش کم ہو جائے تو یہ محبت کے کم ہونے کی دلیل نہیں بلکہ اسکی دلیل ہے کہ محبت کامل ہو گئی ہے مگر رنگ بدل گیا ہے پہلے محبت و عشق کا رنگ تھا اب رحمت و ہمدردی کا رنگ ہے پہلے محبت تو تھی مگر کسی قدر تکلف اور اجنبیت بھی تھی اب بالکل بے تکلفی ہے کہ ایک دوسرے کا ہمراز و دمساز و راحت و غم کا شریک ہے گویا دو قالب ایک جان ہیں یہ نکتہ ہے مودت و رحمت دو لفظوں کے اختیار کرنے میں اسکے بعد ارشاد ہے اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ کہ اس میں لوگوں کے لئے دلائل قدرت ہیں جو سوچ اور غور سے کام لیتے ہیں۔

نکاح میں دلائل قدرت

اب رہا یہ کہ اس میں ایک دلیل تو یہ ہے کہ اس سے قدرت کاملہ پر استدلال ہوتا ہے اس طرح کہ دیکھو عورت اور مرد دونوں انسان ہیں مگر دونوں میں کس قدر تفاوت ہے کہ مرد کی خلقت اور ہے عورت کی اور ہے مرد سے بچہ نہیں پیدا ہو سکتا عورت سے بچہ پیدا ہوتا ہے مرد کو مرد سے وہ راحت و سکون حاصل نہیں ہو سکتا جو عورت سے حاصل ہوتا ہے تو دیکھئے ایک نوع کے افراد میں ایسا تفاوت اور اسمیں مصلحتوں کی رعایت یہ بدون صانع قادر کے نہیں ہو سکتی اس سے یہ بات ظاہر ہے کہ ان کا کوئی صانع ضرور ہے اسی کو اعرابی کہتا ہے: اَلْبَعْرَۃُ تَدُلُّ عَلَی الْبَعِیْرِ وَ اَثَرُ [illegible]

اَسَمَآءٌ ذَاتُ اَبْرَاجٍ وَاَرْضٌ ذَاتُ الْفِجَاجِ كَيْفَ لَا يَدُلَّانِ عَلَى اللَّطِيفِ الْخَبِيرِ ـــــ کہ اونٹ کی مینگنی دیکھ کر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں سے کوئی اونٹ گیا ہے اور قدم کا نشان دیکھ کر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں سے کوئی گیا ہے جیسا کہ شاعر کہتا ہے ؎

ابھی اس راہ سے کوئی گیا ہے | کہے دیتی ہے شوخی نقش پا کی

تو یہ بڑے بڑے ستاروں اور چاند سورج والا آسمان اور یہ کشادہ اور فراخ راستوں والی زمین اپنے صانع حکیم کے وجود پر کیونکر دلالت نہ کرے گی [illegible] سے بیان ہے۔ ایک جاہل بدوی [illegible] کہتا ہے کہ جب [illegible] دلالت کرتے ہیں دھواں دیکھ کر ہم کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں آگ ہے۔ [illegible] دیکھ کر یہ خبر ہوتی ہے کہ یہاں سے کوئی گزر گیا ہے اور [illegible] کہ اس کا بنانے والا کوئی ضرور ہے اور یہ [illegible] اپنی ہی طبیعت سے [illegible] ہے۔

[illegible]

[illegible]

اگر غور سے کام لو تو آج بھی تمہارے لئے دلائلِ قدرت موجود ہیں اور یہی وہ
فطری امر ہے جو میثاقِ الست میں قلوب کے اندر پیوست کیا گیا ہے اس میثاق سے
آپ کو یہی سبق پڑھایا گیا ہے، اور اس پر جو ایک شبہ مشہور ہے کیونکہ آجکل ہمارے
دوستوں نے شبہات کا سبق بھی پڑھ لیا ہے کہ ہم کو تو یہ عہد یاد نہیں کہ کب
اور کس وقت لیا گیا اور جب یاد نہیں تو اس عہد سے فائدہ ہی کیا ہوا۔ اس کا جواب
یہ ہے کہ اگرچہ اس عہد کی کیفیت بیشک یاد نہیں رہی لیکن اس کا مقصود سب کو
یاد ہے اور مطلوب مقصود ہی کا یاد ہونا ہے کیفیتِ تعلیم و تعلم کا یاد رہنا ضروری
نہیں۔ دیکھو بہت لوگوں نے کبھی فارسی پڑھی ہے اگر یہ ضروری ہے کہ ان کے معنی
آنا ہی ہوگا کیونکہ معانی کا سبق آجکل ہر شخص کو یاد ہے لیکن اگر آپ ان سے پوچھیں کہ
فلاں سبق آپ کو کس دن اور کس جگہ پڑھائے گئے اور ابتدا میں آپ نے کس
سے پڑھے تھے تو ان سوالات کا جواب شاید ہزاروں میں ایک ہی آدمی دے سکے گا
کیونکہ یہ باتیں کسی کو محفوظ نہیں رہتیں تو کیا ان کے یاد نہ رہنے سے یہ کہا جائے گا
کہ آپ کا پڑھنا فضول و بیکار گیا ہرگز نہیں بلکہ ہر شخص یہ کہے گا کہ آپ کو پڑھانے
سے مقصود صرف یہ تھا کہ اس کا مضمون یاد رہے کیفیتِ تعلیم و تعلم کا یاد رہنا
مقصود نہ تھا، اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ میثاقِ الست سے مقصود یہ تھا کہ وجودِ صانع
اور توحیدِ صانع کا مضمون طبائع میں مرکوز ہو جائے کیفیتِ تعلیم کا محفوظ ہونا
مقصود نہ تھا سو بحمد اللہ وجود اور توحید بطور فطرت ہر شخص کے دل میں مرکوز
ہے، اسی کا یہ اثر ہے کہ مصنوعات کو دیکھ کر ایک جاہل بڑھیا بھی صانع کے وجود
پر استدلال کر لیتی ہے اس پر شاید کسی کو یہ شبہ ہو کہ ہزاروں کی جو مثال دی
ہے تو دوسرے ہزاروں میں ایک آدمی تو ایسا نکلتا ہے جس کو کیفیتِ تعلیم یاد
ہوتی ہے چنانچہ بعضے قوی الحافظہ بھی ہوتے ہیں کہ ان کو پڑھنا یاد رہتا

پڑھتا تھا اور کس مکتب میں پڑھتا تھا، میثاق الست کی کیفیت یاد رکھنے والا تو کوئی بزرگ بھی ایک نہیں ملتا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ آپ سب کو اپنے اوپر قیاس نہ کیجئے۔

بعض اہل اللہ کو میثاق الست کی کیفیت یاد ہے

یہاں بھی لطیفہ قوی الحافظہ

ایسے موجود ہیں جن کو اس عہد کی کیفیت اب تک یاد ہے چنانچہ شیخ سعدی اسی طرف اشارہ کرتے فرماتے ہیں ؎

الست از ازل ہمچنانش بگوش
بفریاد قالوا بلیٰ در خروش

تو یہ جو کہا گیا ہے کہ اس عہد کے یاد رکھنے والے اب بھی موجود ہیں اور بعض بزرگوں کے کلام میں اس سے زیادہ تفصیل موجود ہے چنانچہ ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مجھ کو یاد ہے کہ اس وقت ہماری دائیں طرف فلاں اور بائیں طرف فلاں تھے۔

اور ایک بزرگ کے کشف سے یہ معلوم ہوا ہے کہ اس وقت روحانی صف بستہ نہ تھیں بلکہ یوں ہی بلا ترتیب تھیں جیسے میلہ میں اجتماع ہوا کرتا ہے پھر اس وقت جو لوگ باہم روبرو ہو گئے تھے ان کو طرفین سے محبت ہوتی ہے اور جو باہم دور دور پشت ہو گئے کہ ایک کا منہ دوسرے کی پشت کی طرف تھا ان میں یکطرفہ محبت اور ایک طرف سے عداوت ہوتی ہے اور جو پشت در پشت ہو گئے ان میں طرفین سے دشمنی اور بغض ہوتا ہے اور ان بزرگ نے ذوق پر اس حدیث کو محمول کیا ہے۔

الارواح جنود مجندة فما تعارف منها ائتلف وما تناکر

مذہب اختلاف

ایک اور بزرگ کا ارشاد ہے کہ جس وقت ازل میں میثاق ہو گیا تو سب روحیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ تکنے لگیں کہ جو آپ کہیں گے وہی سب کہیں گے چنانچہ سب سے پہلے حضور اقدس (صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہٖ) کی زبان مبارک سے بلیٰ نکلا تو آپ کے بعد سب نے بلیٰ کہا (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلی آلہ واصحابہ [illegible] وبارک وسلم) تو حضرت آپ سب کو [illegible] اور قیاس نہ کیجیے [illegible] امت میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنکو اس بحر کی معرفت ہو۔ چنانچہ اس امت میں ایسے لوگ بھی ہوئے ہیں جو جنت اور دوزخ کی پیمائش تک کر آئے کہ جنت کتنی بڑی ہے اس کے کتنے درجے ہیں اسی طرح دوزخ کی لمبائی چوڑائی کی بھی پیمائش بھی کر لی اور یہ سیر روحانی طریقہ پر تھی۔ بعض بزرگوں کو زمین آسمان سے باہر ایک سمندر بہت بڑا مکشوف ہوا ہے جس میں ایک موج اس شدت کی اٹھتی ہے کہ اگر ملائکہ اس کو نہ روکیں تو آسمان و زمین کو غرق کر دے اور ان کے ساتھ وہ یہ بھی فرماتے ہیں کہ عرش سب سے بڑا ہے اس سے بڑی کوئی چیز نہیں میں یہ کہہ رہا تھا کہ دل میں قدرت اور [illegible] کو دیکھ کر خدا تعالیٰ کی ہستی کا اقرار فطری امر ہے [illegible] مضمون میثاق الست کے وقت سے [illegible] اور [illegible] کے جوابات میں کام [illegible] پر [illegible] ہے کہ [illegible] نہیں ہو سکتا۔

وجود صانع کی فطری دلیل

[illegible] کی دلیل ہے [illegible]

کیونکہ بہت سی چیزوں کا حدوث تو ہم کو مشاہدہ ہوتا ہے اور جن کا حدوث مشاہدہ نہیں ہوتا ان کے احوال کا تغیر و انقلاب بتا رہا ہے کہ یہ حادث ہیں کیونکہ محل حوادث کا حادث ہونا ہے ابھی میں نے اخبار میں ایک امریکن ڈاکٹر کا جو ماہر سائنس ہے قول پڑھا ہے کہ وہ کہتا ہے آفتاب کی روشنی میں بہت کمی آگئی ہے اور عنقریب اس کی روشنی زائل ہو کر یہ چراغ گل ہو جائے گا اور اس وقت دنیا میں سخت سردی پڑے گی کہ مخلوق کا زندہ رہنا محال ہے تو تمام عالم فنا ہو جائے گا ہم تو اس سے بہت خوش ہوئے اور جس شخص کو قرآن سے قیامت کی خبر کا یقین نہ ہو تو اب تو سائنس سے یقین آئے گا۔ غرض اشیاء عالم کا تغیر و انقلاب دیکھ کر بدیہی ہے کہ یہ سب حادث ہیں قدیم نہیں یعنی ان کا وجود دائمی و ضروری نہیں البتہ ممکن ہیں اور ممکن کیلئے کسی مرجح کی ضرورت ہے کیونکہ ممکن وہ ہے جس کا وجود و عدم مساوی ہو یعنی نہ اس کے لئے موجود ہونا ضروری ہے نہ معدوم ہونا ضروری ہے اور جس کا وجود و عدم برابر ہو اس کے وجود کے لئے کسی مرجح کی ضرورت ہے ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی اور ترجیح بلا مرجح محال ہے پھر اس مرجح میں نظر کی جائے گی کہ وہ ممکن ہے یا واجب اگر ممکن ہے تو اس کے لئے دوسرے مرجح کی ضرورت ہوگی اور چونکہ تسلسل محال ہے اس لئے کہیں نہ کہیں سلسلہ ختم کرنا پڑے گا اور یہ ماننا پڑے گا کہ مرجح ایسی ذات ہے جو ممکن نہیں بلکہ واجب ہے [illegible] موجود ہے اسی واجب الوجود کو ہم [illegible] حق تعالیٰ کہتے ہیں۔

ایک شبہ کا جواب

[illegible]

اگر یہ کہو کہ صانع نے تمام مخلوقات کو عدم سے پیدا نہیں کیا اور [illegible]

[illegible]

پیدا کیا اور کسی کو جسم میں پیدا کر دیا ۔ کسی کو حسین بنایا کسی کو بدشکل کسی کو مرد کسی کو عورت کسی کو امیر کسی کو غریب کسی کو عقلمند کسی کو احمق تو سوال یہ ہوتا ہے کہ زید کو آج کیوں پیدا کیا کل کیوں نہیں کیا تھا اور اس کو امیر کیوں بنایا عمرو کی طرح غریب کیوں نہ بنایا ۔ زید کو عمرو پر کیا ترجیح تھی مثلاً ۔ اس سوال کا جواب بجز اسلام کے سوا کوئی نہیں دے سکا فلسفہ کی عقلیں یہاں آکر چکرا کے رہ گئیں حکمائے اسلام نے اس کا جواب دیا ہے کہ ان امور میں ارادہ وجہ ترجیح ہے اور ارادہ کی خاصیت یہ ہے کہ وہ اپنی ذات سے مرجح ہے اس کو کسی دوسرے مرجح کی ضرورت نہیں ۔ اس پر حکمائے یونان کی طرف سے ان کے مقلدین نے یہ اشکال وارد کیا کہ بیشک ہم نے مان لیا کہ ارادہ کے لئے کسی مرجح کی ضرورت نہیں وہ خود اپنی ذات سے مرجح ہے لیکن خدا تعالیٰ کا ارادہ تو قدیم ہے پھر اس کی کیا وجہ ہے کہ ارادہ تو قدیم اور مراد حادث ۔ اس صورت میں تخلف مراد کا ارادہ سے لازم آتا ہے اور یہ محال ہے ۔ اس کا جواب حکمائے اسلام نے ایسا ہی دیا ہے کہ حکمائے یونان کے دانت کھٹے ہو گئے ۔ فرمایا کہ صفات واجب اپنی ذات میں قدیم ہیں مگر ان کا تعلق ممکنات کے ساتھ حادث ہے اور تخلف مراد کا تعلق ارادہ کے بعد محال ہے اس سے پہلے محال نہیں پس یوں کہیں گے کہ ارادہ کو تعلق مختلف طور سے ہوتا ہے اس تعلق کی وجہ سے مختلف زمانہ اور مختلف صورت کے ساتھ ظہور ہوتا ہے ۔ ۱۲

وجود صانع کی عقلی دلیل حرام نہیں ہے

[illegible]

وجود صانع کی ایک دلیل کوئی یہ کہے کہ ہماری سمجھ میں تو کوئی دلیل نہیں آئی تو اس کا میرے پاس کیا علاج نہیں میں تو جواب دے چکا آپ کے سمجھ میں نہ آئے

نہ ہو اور کہنا کہ جانے تو میں کیا کروں۔ اور اگر آپ یوں کہیں کہ اسکو ایسا آسان نہ کیجئے کہ جو ہم بھی سمجھ جائیں تو میں کہوں گا کہ آپ ایک ایسے شخص کو اقلیدس کی ایک شکل ایسے آسان طریقے سے سمجھا دیجئے جس نے ابھی کہ اصول موضوعہ کے معلوم کرنے کی ضرورت ہو نہ علوم متعارفہ کی نہ حدود کی نہ دوسری اشکال کی۔ صرف آپ کی تقریر ہی سے کہ جس میں اقلیدس کی شکل سمجھ جائے تو میں بھی آپکو یہ تقریر [illegible] آپ [illegible] کہ [illegible] شخص [illegible] سیاست [illegible] آتش کے معنی عربی میں سیاست [illegible] سیاست والی [illegible] کی [illegible] کی بابت نہیں [illegible] سیاست [illegible] نے [illegible] کہہ [illegible] اقلیدس [illegible] واقف [illegible] اقلیدس [illegible] اور [illegible] کر لیجئے [illegible]

تمہارے پاس ہر بات کا جواب ہے

[illegible]

کہتے ہیں تو ہر بات کا جواب ہے کہ آپ کے پاس سوال ہی نہیں یعنی سوال کی واقفیت نہیں ہے

عاشق کہ شد کہ یار بحالش نظر نکرد | اے خواجہ درد نیست وگرنہ طبیب ہست

اب شاید کسی کو یہ سوال پیدا ہو کہ خلق زوجان میں یہ آیت کریمہ کیوں بیان ہوئی کہ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ [illegible] یہ ہے کہ اول تو زوجین میں [illegible] ہر فرد کا وجود [illegible]

زوجین سے ایک ہی انسان [illegible] ہوتا ہے

دوسری بات یہ ہے کہ

ایک ہی میاں بیوی کو دیکھئے تو [illegible] نسلاً بعد نسل [illegible] دیتا ہے چنانچہ جس شخص نے کسی بچہ کو چار پانچ سال کی عمر میں دیکھا تھا وہ کئی سال کے بعد اس حال میں دیکھے کہ وہ گھر کا سردار بنا ہوا ہے [illegible] کر رہا ہے تو وہ ہرگز یہ نہ سمجھے گا کہ یہ وہی بچہ ہے جو [illegible] کرتا تھا وہ اول اس کو دوسرا آدمی سمجھے گا پھر لوگوں کے بتلانے کے بعد جب یہ سمجھے گا کہ یہ وہی لڑکا ہے تو اس کو بڑی حیرت ہوگی کہ اتنی سی دیر میں کیا ہوگیا اور جب کسی شخص کو اس حال میں دیکھا ہو کہ آج اس کی شادی ہو رہی ہے پھر ایک زمانہ کے بعد اس حال میں دیکھے کہ وہ خود اپنے لڑکے کا نکاح کر رہا ہے تو اس کو بڑی حیرت ہوگی یہ تو وہ باتیں ہیں جو دوسروں کو محسوس ہوتی ہیں اور خود اس شخص کو اگر وہ تامل سے کام لے تو نکاح کے بعد اپنی زندگی میں ایسا انقلاب عظیم معلوم ہوتا ہے کہ گویا یہ دوسری زندگی ہے اور یہاں سے ایک مستقل شخص کی تاسیس ہوتی ہے یعنی تجدد شان کا ظہور ہوتا ہے [illegible] معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص کے لئے ایک ہی وجود مستمر نہیں ہے بلکہ ہر آن میں نیا وجود ہوتا ہے [illegible]

وجود عین حق ہے مگر چونکہ تجلی وجود متصل و متوالی پے در پے ہوتا رہتا ہے
اس لئے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ایک ہی وجود بچپن سے اخیر عمر تک مستمر ہے۔
حالانکہ یہ ایک وجود نہیں بلکہ ہر ہزاروں لاکھوں وجود آتے جاتے ہیں جس کو اہل
کشف مشاہدہ کرتے ہیں [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مشہور ہے ۔

[illegible]

[illegible] مثال ہے ۔

صوفیاء پر ایک اعتراض اور اس کا جواب

